مرتبین
مولانا محمد ہاشم ثقافی

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ ہشتم مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا ہاشم ثقافی

صفحات : 19

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا محمد ہاشم ثقافی

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ ہشتم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللہ

فساد پھیلانے والے لوگوں کی بات پر کان نہ دھرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۲)

چکنی چوڑی باتوں سے لوگوں کا دل لبھا لینے والے افراد سے دور رہو۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۲)

گمراہ اور بے دین لوگوں کو اپنا آئیڈیل نہ بناؤ۔(پارہ۸، الانعام:۱۱۳)

علماء کی باتوں پر عمل کرو کیونکہ وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہی بیان کرتے ہیں۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۴)

اسلامی احکام میں شک نہ کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۴)

اور اے سننے والے! زمین میں اکثر وہ ہیں کہ تو ان کے کہے پر چلے تو تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دیں، یہ صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور یہ صرف اندازے لگارہے ہیں۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۶)

کثرت تعداد سے حق کو نہ پہچانو۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۶)

دلیل ظاہر ہوجانے کے بعد ظن سے پرہیز کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۶)

حلال چیزوں کو کھاؤ اور حرام چیزوں سے پرہیز کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۸)

اور تمہیں کیا ہے کہ تم اس میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے حالانکہ وہ تمہارے لئے وہ چیزیں تفصیل سے بیان کر چکا ہے جو اس نے تم پر حرام کی ہیں سوائے ان چیزوں کے جن کی طرف تم مجبور ہو جاؤ اور بیشک بہت سے لوگ لاعلمی میں اپنی خواہشات کی وجہ سے گمراہ کرتے ہیں۔ بیشک تیرا رب حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۹)

جو احکام اسلام میں بیان ہوئے ہیں اسی پر عمل کرو خود ساختہ احکام بنا کر اس پر عمل کرنے سے بچو۔(پارہ۸،الانعام:۱۱۹)

اور ظاہری اور باطنی سب گناہ چھوڑ دو بیشک جو لوگ گناہ کماتے ہیں انہیں عنقریب ان گناہوں کا بدلہ دیا جائے گا جن کا وہ اِرتکاب کرتے تھے۔(پارہ۸،الانعام:۱۲۰)

کسی بھی حال میں اللہ کی نافرمانی نہ کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۲۰)

اور جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو اسے نہ کھاؤ اور بیشک یہ نافرمانی ہے اور بیشک شیطان اپنے دوستوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں تاکہ وہ تم سے جھگڑیں اور اگر تم ان کا کہنا مانوگے تو اس وقت تم بھی یقینا مشرک ہو گے۔ (پارہ۸،الانعام:۱۲۱)

چھوٹے چھوٹے گناہ کرنے سے بھی بچو کیونکہ وہ بڑے بڑے گناہوں کی طرف جانے کا سبب بنتا ہے۔(پارہ۸،الانعام:۱۲۱)

خود کو دوسروں سے کسی بھی چیز کا زیادہ حقدار نہ سمجھو۔(پارہ۸،الانعام:۱۲۴)

قرآن مقدس پڑھ کر نصیحت حاصل کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۲۶)

جب کوئی عالم دین اسلامی احکام بیان کرے تو اسے غور سے سنو اور اس پر عمل کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۳۰)

دنیا کی چمک دمک دیکھ کر دھوکے میں مت پڑو دینا دھوکے کا سامان ہے جیساکہ اللہ رب العزت نے کئی آیات میں ارشاد فرمایا ہے۔(پارہ۸،الانعام:۱۳۰)

سرکش اور ڈھیٹ لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ دو۔(پارہ۸،الانعام:۱۳۵)

اپنی خرافاتوں کو دین کا نام نہ دو۔(پارہ۸،الانعام:۱۳۶)

اللہ عزوجل اور اس کے حبیب علیہ الصلاۃ والسلام اور دین اور قرآن کریم ان سب پر جھوٹ نہ باندھو یعنی (اپنی جانب سے کوئی بات کہ کر ان کی طرف منسوب نہ کرو)۔(پارہ۸،الانعام:۱۳۹)

پیداوار کی زکاۃ ادا کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۴۱)

فضول خرچ کرنے سے بچو۔(پارہ۸،الانعام:۱۴۱)

شیطان کے راستے پر نہ چلو۔(پارہ۸،الانعام:۱۴۲) (اس کے اندر وہ تمام چیزیں داخل ہیں جو برائی اور فحاشی کی طرف لے جانے والی ہے موجودہ دور میں فیس بک اور واٹس ایپ گروپ جس کے اندر برہنہ عورتوں کی تصاویر،شرکیہ کلمات پر مشتمل فلمی گانے،بے ہودہ قسم کے جوک،اور گندے مواد شیئر کئے جاتے ہوں،بری صحبت،محلے کے گلیوں اور چوراہوں پر من چلے لڑکوں کی میٹنگس،اور اسی کے مثل جو دوسری چیزیں ہیں یہ سب شیطان کے راستے ہیں جن سے بچنا ضروری ہے)

حرام کردہ چیزوں کو نہ کھاؤ نہ پیو۔(پارہ۸،الانعام:۱۴۵)

اللہ کی نافرمانی کرکے بہانے نہ بناؤ۔(پارہ۸،الانعام:۱۴۸)

اللہ تعالی کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔(پارہ۸،الانعام:۱۵۱)

مفلسی کے باعث اپنی اولاد کو قتل نہ کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۵۱)

کسی بھی طرح کی بے حیائی اور برائی کے قریب نہ جاؤ۔(پارہ۸،الانعام:۱۵۱)

کسی بھی جان کو ناحق قتل مت کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۵۱)

ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۵۱)

صراط مستقیم پر چلو۔(پارہ۸،الانعام:۱۵۳)

عقائدِ اہلسنت و جماعت پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہو ۔(پارہ۸،الانعام:۱۵۹)

خوب نیکیاں کرو عنقریب اس کا بدلہ تمہیں کئی گنا زیادہ دیا جائے گا۔(پارہ۸،الانعام:۱۶۰)

تمام نیک اعمال صرف اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے کرو۔(پارہ۸،الانعام:۱۶۲)

اے مسلمانوں! قرآن کریم کی طرف آؤ اس کی تلاوت کرو اس میں تمہارے لئے راحت ہے سکون اور نصیحت ہے (پارہ۸، الاعراف:۱تا۳)

تکبر نہ کرو۔ (پارہ۸، الاعراف:۱۲)

حسد نہ کرو (پارہ۸، الاعراف:۱۲)

شیطانی راستے اور شیطانی صفت لوگوں سے بچو کہیں وہ تمہیں بہکانے میں کامیاب نہ ہو جائیں۔ (پارہ۸، الاعراف:۱۷)

شیطان کے مکر و فریب سے بچنے کی ہمیشہ تدبیر کرتے رہو کیونکہ وہ ہمیشہ تمہیں گمراہ کرنے کی تاک میں رہتا ہے۔ (پارہ۸، الاعراف:۱۹ تا ۲۲)

اللہ تعالی سے ہمیشہ اپنے گناہوں کی معافی طلب کرتے رہو وہ بڑا معاف فرمانے والا ہے (پارہ۸، الاعراف:۲۳)

اے لوگوں! آخرت کی تیاری کرو عنقریب قیامت آنے والی ہے۔ (پارہ۸، الاعراف:۲۵)

اے آدم کی اولاد! بیشک ہم نے تمہاری طرف ایک لباس وہ اُتارا جو تمہاری شرم کی چیزیں چھپاتا ہے اور (ایک لباس وہ جو) زیب و زینت ہے

اور پرہیز گاری کا لباس سب سے بہتر ہے۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔(پارہ۸،الاعراف:۲۶)

اے لوگوں !تقوی اختیار کرو یہ تمھیں ہر جگہ نفع دے گا۔(پارہ۸،الاعراف:۲۶)

عدل وانصاف کرو۔(پارہ۸،الاعراف:۲۹)

اللہ ہی کے لئے عبادت کرو۔(پارہ۸،الاعراف:۲۹)

اے آدم کی اولاد! ہر نماز کے وقت اپنی زینت لے لو اور کھاؤ اور پیو اور حد سے نہ بڑھو بیشک وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔(پارہ۸،الاعراف:۳۱)

اے اولادِ آدم: ہر نماز کے وقت اپنی زینت لے لو۔(پارہ۸،الاعراف:۳۱)

ہر چیز میں اسراف کرنے سے بچو۔(پارہ۸،الاعراف:۳۱)

اللہ نے جو چیز اپنے بندوں کے لئے حلال فرمایا ہے اسے حرام نہ کرو۔(پارہ۸،لاعراف:۳۲)

اللہ تعالی پر جھوٹ مت باندھو۔(پارہ۸،الاعراف:۳۳)

کسی پر ناحق زیادتی نہ کرو۔(پارہ۸،الاعراف:۳۳)

اللہ عز و جل کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھراؤ۔(پارہ۸،الاعراف:۳۳)

ہر طرح کی بے حیائی اور بری باتوں سے بچو۔(پارہ۸،الاعراف:۳۳)

اے آدم کی اولاد! اگر تمہارے پاس تم میں سے وہ رسول تشریف لائیں جو تمہارے سامنے میری آیتوں کی تلاوت کریں تو جو پرہیز گاری اختیار کرے گا اور اپنی اصلاح کرلے گا تو ان پر نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔(پارہ۸،الاعراف:۳۵)

ایمان لاؤ،نیک عمل کرو،تقوی اختیار کرو دونوں جہاں میں کامیاب ہو جاؤگے۔(پارہ۸،الاعراف:۳۵)

حدود شرع تجاوز کرکے کسی کی اتباع ہرگز مت کرو۔(پارہ۸،الاعراف:۳۸)

کسی کے لئے بھلائی کے راستے میں آڑ مت بنو یہ کفار کی علامت ہے۔(پارہ۸،الاعراف:۴۵)

اپنے رب سے گڑ گڑاتے ہوئے اور آہستہ آواز سے دعا کرو۔بیشک وہ

حد سے بڑھنے والے کو پسند نہیں فرماتا۔(پارہ۸،الاعراف:۵۵)

اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد برپا نہ کرو اور اللہ سے دعا کرو ڈرتے ہوئے اور طمع کرتے ہوئے۔ بیشک اللہ کی رحمت نیک لوگوں کے قریب ہے۔(پارہ۸،الاعراف:۵٦)

انبیائے کرام کے احکام پر ہٹ دھرمی کا مظاہرہ نہ کرو۔

انبیائے کرام کی ذات و صفات میں عیب نہ نکالو، انہیں حقارت سے اپنے جیسا نہ کہو۔(پارہ۸،الاعراف:64)

انبیاء کرام کی قوموں کے واقعات سے عبرت حاصل کرو۔(پارہ۸،الاعراف:۵۹تا۸۵)

درسِ حدیث نبوی ﷺ

دُرودِ پاک اور پُل صراط

اِنِّی رَاَیْتُ الْبَارِحَةَ عَجَبًا وَرَاَیْتُ رَجُلًا مِّنْ اُمَّتِی یَزْحَفُ عَلَی الصِّرَاطِ مَرَّةً وَیَجْثُو مَرَّةً فَجَاءَتْهُ صَلَاتُهُ عَلَیَّ فَاَخَذَتْ بِیَدِهٖ فَاَقَامَتْهُ عَلَی الصِّرَاطِ حَتّٰی جَاوَزَ

فرمان آخِری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”میں نے گزشتہ رات عجیب واقعہ دیکھا: میرا ایک اُمتی پُل صراط پر کبھی گِھسٹ کر اور کبھی گھٹنوں کے بل چل رہا تھا، اتنے میں وہ دُرُود آیا جو اس نے مجھ پر بھیجا تھا، اُس نے اُسے پُل صراط پر کھڑا کر دیا یہاں تک کہ اُس نے پل صراط پار کر لیا۔ “(معجم کبیر، 25/282، حدیث:39ملتقطاً)

شرحِ حدیث: دُرودِ پاک اُسے پل صراط پار کروا کر جنّت میں لے گیا۔

(التیسیر بشرح جامع الصغیر، 1/370)

شرمندہ نہ کریں

مَنْ عَيَّرَ اَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَعْمَلَهُ

(ترمذی،226/4، حدیث:2513)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم: جس نے اپنے بھائی کو (ایسے) گناہ پر شرم دِلائی (جس سے وہ توبہ کر چکا ہے) تو مرنے سے پہلے وہ خود اُس گناہ میں مُبتلا ہو جائے گا۔

شرح حدیث گناہ سے وہ گناہ مراد ہے جس سے وہ توبہ کر چکا ہے یا وہ پرانا گناہ جسے لوگ بھول چکے یا خفیہ گناہ جس پر لوگ مطلع نہ ہوں اور عار دلانا توبہ کرانے کے لیے نہ ہوں محض غصہ اور جوش غضب سے ہو یہ قیود خیال میں رہیں مزید یہ کہ ایسا شخص اپنی موت سے پہلے یہ گناہ خود کرے گا اور اس میں بدنام ہو گا مظلوم کا بدلہ ظالم سے خود ربّ تعالٰی لیتا ہے۔(مراٰۃ المناجیح،473/6)

جنّتی جوانوں کے سردار

اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ سَیِّدَا شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ

(ترمذی،5/426،حدیث3793)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم: "حسن و حسین جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔

شرحِ حدیث:یعنی جو لوگ جوانی میں وفات پائیں اور ہوں جنّتی ،حضرتِ حسنین کریمین(رَضِیَ اللہ عَنْہُمَا)اُن کے سردار ہیں ورنہ جنّت میں تو سبھی جوان ہوں گے۔(مِراٰۃالمناجیح،8/475)

✍راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر:ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں
علم بھی پھیلائیں
روزگار بھی پائیں

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ
9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: 500 روپے | ہندوستان: 300 روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس اپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس
استاذ التحقیق والتصنیف علامہ راشد علی مدنی
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل